بھائی نہیں کہا' کبھی کسی نے اپنی ماں یا بیٹی کو بہن نہیں کہا جب کہ واقع میں یہ اس کی ماں یا بیٹی مندرجہ بالا لحاظ سے بہن ہی ہے' مگر عام استعمال نہیں ہوسکتا۔ ایسے ہی یہ مسئلہ بھی سمجھ لیجیے کہ اگرچہ بائبل میں مسیح کے لیے لفظ خدا کا بیٹا استعمال ہوا ہے مگر بوجہ اشتباہ کے عام محاورہ میں استعمال نہیں کریں گے۔

نیز مسیحؑ نے تو تمام انسانوں کو بھائی بھی کہا ہے (عبرانیوں ۲:۱۱) تو آپ لوگ ان کو بھائی کیوں نہیں کہتے؟ خدا کا بیٹا کیوں کہتے ہیں؟ گویا ایک حقیقت کے ثابت ہونے پر بھی اس کا عام محاورتی استعمال درست نہ ہوگا چہ جائیکہ ایک غیر ثابت شدہ اور مشتبہ بات کو اتنا عام کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ تمام اولادِ آدم کو حقیقت سمجھنے اور اسے اپنانے کی توفیق عنایت فرمائے۔ (آمین ثم آمین!)

سنتِ رسول ﷺ کے مطابق چہرے کی تزئین کی اہمیت کے بارے میں

ایک مختصر مگر جامع تحریر

داڑھی کیوں؟

از قلم : حافظ خالد محمود خضر

(نظرثانی شدہ ایڈیشن)

❁ عمدہ طباعت ❁ صفحات: 20 ❁ قیمت: 15 روپے

مکتبہ خدام القرآن لاہور

36۔کے'ماڈل ٹاؤن لاہور فون:03-5869501

email : maktaba@tanzeem.org

website : **www.tanzeem.org**